## 99547 ـ کرسٹل پر تصاویر کریدنے والی مشین پر کام کرنا

### سوال

کریسٹل پر کرید کر مختلف اشیاء کر اسے ذریعہ آمدنی بنانے کا شرعی حکم کیا ہے، کیونکہ میں سعودی عرب سے باہر تجارت کرنے کی کوشش کر رہا ہوں، اور یہ تصویر سوال کا مقصد اور مشین کا کام واضح کر رہی ہے ؟

### پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سوال کے ساتھ موجود تصویر کا بغور جائزہ لینے اور مشین کا طریقہ کار معلوم کرنے کے بعد واضح ہوا ہے کہ اس کام کے ذریعہ اشیاء کی تصویر بنائی جاتی ہے، اور پھر یہ تصویر کریسٹل پر منتقل ہوتی ہے، اس بنا پر اگر تو یہ تصویر جائز ہو مثلا درختوں، اور پہاڑوں اور نہروں اور ان اشیاء کی تصاویر جن میں روح نہیں ہوتی تو اس مشین کے ساتھ کام کرنے اور اسے مالی فائدہ کے لیے استعمال کرنے میں کوئی حرج نہیں.

لیکن اگر یہ تصاویر ممنوع ہوں مثلا انسان، پرندے اور جانور وغیرہ ذی روح کی ہوں تو پھر اس مشین پر تصاویر بنانا جائز نہیں ہیں.

جدید آلات کے ساتھ تصاویر بنانے کے نتیجہ میں کاغذ یا کسی اور چیز پر ثابت تصویر بنانے میں اہل علم کے مابین اختلاف پایا جاتا ہے، اور راجح یہ ہے کہ یہ بغیر کسی ضرورت کے جائز نہیں؛ کیونکہ عمومی دلائل تصویر بنانے کی حرمت پر دلالت کرتے ہیں، اور تصویر بنانے والے پر لعنت کی گئی ہے.

آپ مزید تفصیل دیکھنے کے لیے سوال نمبر ( 22660 ) اور ( 8954 ) کے جوابات کا مطالعہ کریں.

اور یہ چیز آپ کو معلوم ہونی چاہیے کہ جو کوئی شخص بھی کوئی چیز اللہ تعالی کے لیے ترك کرتا ہے تو اللہ تعالی اسے اس کے عوض میں اس سے بھی بہتر عطا فرماتا ہے، اور جو کوئی اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتا ہے اللہ تعالی اسے اور بھی زیادہ روزی عطا فرماتا ہے اور اس کے لیے کافی ہو جاتا ہے، اور اسے ٹھکانہ بھی نصیب فرماتا ہے.

اور حرام کمانے میں کوئی بھی خیر و بھلائی نہیں کہ انسان خود بھی اور اہل و عیال کو بھی حرام کھلائے، کیونکہ جو جسم بھی حرام پر پلتا ہے وہ آگ کے لیے زیادہ بہتر ہے.

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ وہ ہمارے لیے حلال کو کافی بنا دے، اور اپنے فضل و کرم سے رزق حلال عطا فرمائے.

واللہ اعلم .